© rasailojaraid.com



وخیر جلیس فی الزمان کتاب

# میزان



## تبصرۂ کتب

نام مجلّہ: مجلۃ الحمد۔ سیرت نمبر

مدیر: ڈاکٹر محمد اظہر سعید

ناشر: الحمد اکیڈمی۔ ای ۱۶۵، بلاک ۳، پی ای سی ایچ ایس۔ کراچی

صفحات: ۲۲۴

تبصرہ نگار: سید عزیز الرحمٰن

برعظیم پاک و ہند میں جس طرح رسائل و جرائد کے خاص نمبروں کی روایت نہایت پختہ اور ایک صدی سے زیادہ قدیم ہے، اسی طرح یہاں کے تعلیمی اداروں کے مجلّات اور ان کی خاص اشاعتوں کی روایت بھی نہایت پختہ اور قدیم ہے۔ برعظیم پاک و ہند کے تعلیمی اداروں سے شائع ہونے والے مجلّات اور ان کی بعض خاص اشاعتیں تو اپنے مواد، معلومات اور پیش کش کے اعتبار سے اس قدر اہمیت کی حامل تھیں کہ تاریخ میں امر ہوگئیں، اور آج ایک وقت گزرنے کے باجود ان کا حوالہ زندہ اور ان میں شائع شدہ مضامین رہ نما تحریروں کا درجہ رکھتے ہیں۔

گزرتے وقت کے ساتھ ساتھ جہاں بہت سی روایتیں معدوم ہوتی جارہی ہیں اور بہت سے سلسلے مٹتے دکھائی دے رہے ہیں، وہیں تعلیمی اداروں سے شائع ہونے والے مجلّات کا معیار بھی قابل فخر نہیں رہا، الا ماشاء اللہ بہت کم صورتوں میں، اور بڑی مدت کے بعد کوئی قابل قدر اور قابل مطالعہ چیز میسر آتی ہے۔ ان حالات میں اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ کراچی نے گزشتہ سال اپنے بورڈ سے الحاق شدہ کالجوں سے شائع ہونے والے مجلّات کے سیرت نمبروں کے مابین مقابلے کا اعلان کیا تھا، اس کے تحت انعام پانے والے مجلّات میں مجلۃ الحمد کا سیرت نمبر بھی شامل ہے، جسے اس مقابلے میں دوم انعام کا حق دار قرار دیا گیا۔ یہی اشاعت اس وقت !! زیر تبصرہ ہے۔

اس مجلّے کے اہم مضامین درج ذیل ہیں:

© rasailojaraid.com